نام کتاب: رزق کی کنجیاں

مصنف پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی صاحب

صفحات 211 قیمت 275 روپے

ملنے کا پتہ مکتبہ قدوسیہ غزنی اسٹریٹ رحمان مارکیٹ اردو بازار لاہور

ناشر دارالنور اسلام آباد

عالم اسلام کی عظیم علمی و روحانی شخصیت ڈاکٹر فضل الٰہی حفظہ اللہ کی زندگی تقویٰ و صالحیت اور تعلیم و تعلم سے عبارت ہے۔ وہ اپنے سینے میں ایک دردمند دل رکھتے ہیں اور معاشرے کی اصلاح و تربیت میں ان کا قلم حرکت میں رہتا ہے۔ مسلم امہ کی اصلاح کے لیے اب تک ڈاکٹر صاحب نے کوئی تین درجن سے اوپر کتب تصنیف کی ہیں۔ ان میں عربی کتب بھی ہیں اور اردو بھی۔ ان کی بعض کتب کے اردو اور انگریزی زبانوں میں تراجم ہو چکے ہیں اور بعض دیگر زبانوں میں بھی ان کے تراجم کا سلسلہ جاری ہے۔ حضرت ڈاکٹر صاحب کی کتابوں میں معاشرے کی تطہیر اور فرد کی اصلاح و تربیت کے پہلو نمایاں ہیں اور اسی فکر کا عنصر ان کی تقریروں میں بھی دکھائی دیتا ہے۔ پیش نگاہ کتاب ''رزق کی کنجیاں'' ڈاکٹر صاحب کی معروف تصنیف ہے جس کا موجودہ ایڈیشن بہت سے نئے اضافوں اور طباعتی خوبیوں سے منصۂ شہود پر لایا گیا ہے۔ اس کتاب میں ڈاکٹر صاحب نے قرآن و حدیث سے فراخی رزق کے اسباب بیان فرمائے ہیں۔ چند نمایاں اسباب و ذرائع یہ ہیں استغفار و توبہ' تقویٰ' اللہ تعالیٰ پر توکل' اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لیے فارغ ہونا' صلہ رحمی' اللہ کی راہ میں خرچ کرنا' کمزوروں کے ساتھ احسان' اللہ کی راہ میں ہجرت' آخرت کو اپنا مطمح نظر بنانا' اللہ تعالیٰ کی کتاب پر عمل کرنا' ایمان اور عمل صالح' نکاح' تجارت' میں سچائی' غیبت سے پرہیز کرنا' حدود اللہ کا قیام' استقامت اور مسنون دعائیں وغیرہ جن پر عمل کر کے وافر رزق حاصل کیا جا سکتا ہے۔

کتاب اپنے مندرجات کے اعتبار سے بہت عمدہ ہے اس کے ہر لفظ سے اخلاص وللّٰہیت کی مہک آتی ہے ہر مسلمان بھائی کو اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیے۔ عمدہ کاغذ' خوبصورت طباعت' جاذب نظر ٹائٹل اور مضبوط جلد بندی نے اس کتاب کے طباعتی حسن کو اور بھی دوبالا کر دیا ہے۔

☆......☆......☆